(جملہ حقوق محفوظ ہیں)

ماشاء اللہ
لا قوۃ الا باللہ

فالنامہ قرآنی

جس میں ہر مقصد کیلئے ایک درجن دیگر فالنامہ بھی شامل ہیں

مصنفہ

الحاج حضرت مولانا ارشد کربلائی دہلوی

منگوانے کا پتہ

حمید بک ڈپو قذافی مارکیٹ
اردو بازار، لاہور ۲

(قیمت ۱۰/- روپے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہماری مطبوعات کو جو روز بروز مقبولیت حاصل ہوتی جا رہی ہے۔ اس کے پیش نظر ہماری کوشش بھی ہمیشہ یہی رہتی ہے کہ اپنے ناظرین کی خدمت میں بہتر، مفید اور دلچسپ کتابیں پیش کر سکیں، چنانچہ فالناموں کا یہ مجموعہ ہم بہت محنت سے بصرف کثیر شائع کر رہے ہیں۔ ناظرین ملاحظہ فرمائیں گے کہ یہ فالنامے عام بازاری فالناموں کی طرح نہیں بلکہ نئے انداز کے اور اپنی نوعیت کے لحاظ سے اچھوتے ہیں۔ اس مجموعہ میں بحساب ابجد و آیات قرآن مجید کے نادر فالنامے کے علاوہ بیمار کی حالت اور امراض کی کیفیت معلوم کرنے کے لیئے ایک ایسا فالنامہ قواعد نجوم کی رو سے مرتب کیا گیا ہے جو اپنی مثال آپ ہے۔ ان کے علاوہ رمل، مفقود الخبر، شادی، مال مسروقہ، فتح و شکست، طالب و مطلوب اور قرض کے متعلق آٹھ نئی طرز کے فالنامے درج کیئے گئے ہیں ہم نے اس مجموعہ میں ناظرین کی تمام ضرورتوں کا لحاظ رکھا ہے اس لئے قوی امید ہے کہ ناظرین بھی اسے پسند فرمائیں گے اور ہماری مزید مطبوعات طلب فرما کر ہماری کاروباری سرپرستی فرمائیں گے۔

ناشر

(۱) قرآن مجید کا نیا فالنامہ

باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر اوّل و آخر درود شریف، سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ قل ہو اللہ شریف پڑھ کر حضور رسول مقبولؐ کی رُوح مبارک پر ایصال ثواب کرے اور مراد سوچ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اور آنکھیں بند کر کے نقشہ کے کسی خانہ پر انگشت شہادت رکھ دے۔ جس حروف پر اُنگلی پڑے اُسے چھوڑ کر خانے شمار کرے اور تیسرے خانہ کے حروف سے اپنے سوال کا جواب حاصل کرے نقشہ سامنے صفحہ پر موجود ہے۔

مثلاً صاحب فال نے اُنگلی حرف ب پر رکھی ہے اُسے چھوڑ کر جب شمار کیا تو تیسرے خانہ میں حرف ق نظر پڑا۔ اس کی تشریح دیکھی تو حسب ذیل عبارت ہے

ق

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ

اے صاحب فال آج کل آپ ذہنی تفکرات میں مبتلا ہیں۔ طبیعت پریشان رہتی ہے۔ رات کو نیند کم آتی ہے۔ خیالات پراگندہ اور فاسد ہیں نیک کاموں کی جانب رغبت نہیں فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی ہوتی ہے دوست نما دشمن کے غلط مشوروں سے بچئے۔ چند روز پریشانی اور ہے اس کے بعد اللہ تعالیٰ کرم فرمائے گا۔ آپ عبادت اور دُعا کیجئے اس کی برکت سے ہر قسم کی مشکلات آسان ہوں گی۔

انشاء اللہ تعالےٰ

ط	ہ	م	ل	ک
ق	ر	خ	ب	ی
ف	ز	ذ	ن	ش
ح	س	ع	ا	ث
غ	ت	ج	ض	و

ک

کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِتَالُ

اے صاحب فال مبارک ہو آپ کی گردش بہت جلد ختم ہونے والی ہے مصیبتوں کے بادل چھٹ جائیں گے اور نئی امیدوں کا نور جلوہ گر ہوگا جو لوگ آپ کی تخریب و تباہی کے درپے تھے وہ اپنے مکروہ ارادوں میں ناکام رہیں گے اور انہیں بہت جلد شکست ہوگی اگر آپ کسی مقدمہ میں ماخوذ ہیں تو انشاء اللہ بری ہو جائیں گے۔

ل

لَن يَّضُرُّوكُمْ اِلَّا اَذًى اے صاحب فال آپ کی تمام پریشانیاں بالکل بے بنیاد اور محض وہم کی بنا پر ہیں۔ جن باتوں سے آپ خواہ مخواہ خائف ہو رہے ہیں۔ اُن سے نقصان نہیں پہونچے گا۔ صرف ذہنی تفکرات ہیں اگر خدانخواستہ آپ بیمار ہیں تو بیماری کو ہرگز کوئی اہمیت نہ دیجئے دراصل معمولی شکایت ہے جو چند روز میں رفع ہو جائے گی۔ اگر آپ کسی مقدمہ میں ماخوذ ہیں تو دوڑ دھوپ اور دماغی پریشانیوں سے آپ کو تکلیف نہیں پہونچے گی۔

م

مَن يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّن يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ اے صاحب فال اسوقت ہمّت و استقلال کی ضرورت ہے۔ ساحل مقصد سامنے ہے لیکن خود رائی یا تلوّن کو دخل دیا تو بنا بنایا کام بگڑ جائے گا، اپنے بزرگوں اور افسروں کی اطاعت کیجئے، بزرگوں کے مشورات سے آپ کو بہت فائدہ پہونچے گا۔ یاد رکھیئے یہ دور آپ کے لئے انقلاب آفریں ہے، عقلمندی اور دُور اندیشی سے کام لیا تو کوششوں کے خوشگوار نتائج جلد سامنے آجائیں گے ورنہ آپ کی ضد اور غلط فیصلہ سے کام بگڑنے کا اندیشہ ہے۔

ہ

هُمْ دَرَجٰتٌ عِندَ اللّٰهِ اے صاحب فال آپ کی گردش کے دن دُور ہوئے عزت میں ترقی ہو گی۔ بگڑے ہوئے کام بنیں گے دشمنوں کی

دشمنی اور بدخواہوں کی بدخواہی ختم ہو جائے گی، مقدمات میں کامیابی حاصل ہوگی، آمدنی میں اضافہ ہوگا، بزرگوں اور حاکموں کی عنایت شامل حال رہے گی، آپ ایک مبارک خواب دیکھیں گے جس کی تعبیر جلد ظاہر ہوگی۔

ط

طَائِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَائِمُوْنَ

اے صاحب فال آپ نے اپنی غفلت اور سہل انگاری سے بہت کام بگاڑ دیئے ہیں، اب عمل اور بیداری کا وقت ہے اگر گذشتہ غلط کاریوں کے نتائج سے سبق حاصل نہ کیا تو مزید پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بزرگوں کی اطاعت اور غریب بندگانِ خدا سے محبت کرو۔ عبادت اور خیرات سے بگڑے ہوئے کام بنیں گے اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل ہوگی۔

ی

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ

اے صاحب فال اللہ تعالیٰ نے آپ پر فضل و کرم فرمایا ہے جن اُلجھنوں اور پریشانیوں میں آپ کچھ عرصہ سے مبتلا تھے وہ اب ختم ہو جائیں گی۔ عہدہ اور اقبال میں ترقی ہوگی۔ کاروبار میں نفع ہوگا۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ مقدمات میں کامیابی نصیب ہوگی۔

ب

بَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اے صاحب فال آپ چند

ا، سے گردشِ قسمت میں مبتلا ہیں۔ آپ کی روزی تنگ ہو گئی ہے۔ دوستوں اور عزیزوں میں عزت ختم ہو رہی ہے لوگ مخالفت پر کمر بستہ ہیں اور طرح طرح سے نقصان پہونچانے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن آپ مایوس اور پریشان نہ ہوں یہی موجودہ پریشانیاں چند روز کے اندر آپ کو راحت و مسرت کا پیام سنائیں گی آپ کی عزت بڑھے گی۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ دشمنوں کی مخالفت ختم ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھئے اور کارِ خیر انجام دیجئے۔

خ

خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِہِمْ

اے صاحبِ فال آپ میں ضد اور خود رائی بڑھی ہوئی ہے اور اسی وجہ سے آپ کے کئی بنے بنائے کام بگڑ گئے۔ آپ گذشتہ تلخ تجربات سے کوئی سبق حاصل نہیں کرتے۔ غلط فیصلوں سے پریشانیاں بڑھتی جا رہی ہیں۔ جذبات پر قابو حاصل کرنے کی کوشش کیجئے ورنہ موجودہ پریشانیوں میں اضافہ ہو جائیگا نیک لوگوں کی صحبت اختیار کیجئے اور ان کے مخلصانہ مشوروں سے فائدہ اُٹھائیے۔

ر

رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

اے صاحبِ فال۔ مبارک ہو آپ کا مقصد جلد حاصل ہونے والا ہے۔ جس کام کے لئے آپ عرصہ سے کوشاں تھے اس کی تکمیل کا وقت آگیا آپ کو غیر متوقع ذرائع سے روپیہ ملے گا اور غیب سے امداد ہوگی۔

ناکامیوں کا دور ختم ہو گیا ہر مقصد میں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

ق

قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ

اے صاحب فال آج کل آپ ذہنی تفکرات میں مبتلا ہیں طبیعت پریشان رہتی ہے۔ راتوں کو نیند کم آتی ہے خیالات پراگندہ اور فاسد ہیں نیک کاموں کی جانب رغبت نہیں۔ فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی ہوتی ہے، دوست نما دشمنوں کے مشوروں سے بچئے۔ چند روز پریشانی اور ہے اس کے بعد اللہ تعالیٰ فضل وکرم فرمائے گا۔ آپ عبادت اور دعا کیجئے اس کی برکت سے مشکلات آسان ہونگی۔

ش

شِفَاءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ

اے صاحب فال اگر آپ بیمار ہیں تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے بہت جلد شفا ہوگی۔ دین و دنیا کی پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ کاروبار میں جلد ترقی ہونے والی ہے۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا اور مخالفوں کو شکست فاش ہوگی مقدمات میں اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرمائے گا۔

ن

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ

اے صاحب فال آپ پانچ ماہ یا پانچ ہفتوں سے جن تفکرات میں گھرے ہوئے تھے وہ رفع ہو جائیں گے۔ غیب سے امداد ہونے والی ہے اگر آپ مقروض

ہیں تو قرضہ ادا ہو جائے گا۔ کسی مقدمہ میں ماخوذ ہیں تو بری ہو جائیں گے۔
مخالفوں کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ آپ ان کوششوں میں کامیاب ہونگے
کاروبار ترقی کرے گا۔ آمدنی کے دروازے کھلیں گے۔

ذ

ذَالِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

اے صاحب فال آپ کے کاروبار میں ترقی اور معاملات میں کامیابی نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اپنے رفیقوں اور دوستوں پر آپ اعتماد نہیں کرتے اور لوگوں سے بہت جلد بدگمان ہو جاتے ہیں تعلقات خوشگوار نہیں رکھ سکتے۔
یاد رکھئے بدگمانی گناہ ہے جب تک آپکو کسی دوست یا رفیق کی بدنیتی کا پورا ثبوت نہ مل جائے آپ کو اُس پر اعتماد کرنا چاہیئے۔ شرکت کے کاموں سے آپ کو فائدہ نہیں ہو سکتا۔ مزاج سے بدگمانی اور تلوّن کم کیجئے۔ اس کے بعد آپ کو حکم خدا سے کامیابی ہوگی۔

ز

زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا

اے صاحب فال چند پریشانیوں کی وجہ سے آپ میں مایوسی کا جذبہ بڑھ گیا ہے، ساتھ ہی آپ کا غرور بھی مضر ثابت ہو رہا ہے۔ غرور کم کیجئے اللّٰہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ ہوئیے۔ اگر آپ نے صبر و استقامت سے کام لیا اور اللّٰہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھا تو سات دن یا سات ہفتوں کے اندر آپ کا مقصد حاصل ہو جائے گا۔

ف

فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا

اے صاحب فال۔ مبارک ہو بہت اچھی فال ہے جن پریشانیوں میں آپ گھرے ہوئے ہیں۔ ان کے خاتمہ کا وقت آگیا ہے۔ اللہ تعالیٰ غیب سے مدد کرے گا اور پریشانیوں سے محفوظ رہنے اور کامیابی کی منزل تک پہونچنے کے لئے نئی نئی صورتیں پیدا ہو جائیں گی۔ بزرگوں کی اطاعت کیجئے درویشوں اور مسکینوں کی خدمت سے اللہ تعالیٰ کی رحمت شامل حال ہو گی۔

ث

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ

اے صاحب فال آپ نے بنا بنایا کام خود بگاڑ لیا۔ اگر آپ چند روز صبر سے کام لیتے تو بہت فائدہ ہوتا۔ زندگی کے گذشتہ تلخ تجربات سے آپ کوئی فائدہ نہیں اُٹھاتے۔ دل کی سختی کا علاج خوفِ خدا ہے غریبوں کی امداد کیجئے اور اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل نہ رہیئے۔

ا

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

اے صاحب فال اب تک آپ کا زمانہ کافی پریشانیوں میں بسر ہوا ہے اور مالی نقصانات برداشت کیئے ہیں۔ جس شخص کے ساتھ آپ نے نیکی کی اس نے برائی کی۔ مبارک ہو وہ دورِ ابتلا ختم ہو رہا ہے۔ مالی نقصانات کی

تلافی ہوگی۔ دوستوں سے خوشی ہوگی۔ بگڑے ہوئے کام درست ہوں گے
عبادت میں دل لگانا چاہیئے۔

ع

عَسٰیٓ اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

اے صاحب فال خوشخبری ہو کہ آپ کی گردش کے دن ختم ہو گئے۔ اب آپ خوشی اور فلاح کی صورت دیکھیں گے۔ اللہ تعالیٰ بہت آپ کے مدارج بلند کریگا۔ دین و دنیا میں سرخروئی ہوگی۔ دلی مقاصد بہت جلد پورے ہونگے۔ عزت وشہرت میں اضافہ ہوگا کاروبار میں ترقی ہوگی۔

س

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ

اے صاحب فال آپ کو بہت جلد دنیاوی مکروہات سے نجات مل جائیگی دشمنوں کے خوف سے آپ اس وقت پریشان ضرور ہیں اور لوگ آپ کو بدنام کرنے کی کوشش بھی کر رہے ہیں لیکن گھبرائیے نہیں دشمنوں کو بہت جلد ذلت نصیب ہونے والی ہے اور ان کی مخالفت سے آپ کو کسی قسم کا نقصان ہرگز نہیں پہونچے گا اگر آپ بیمار ہیں تو چھ دن کے اندر شفا ہو جائے گی۔

ح

حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا وَّكَاْسًا دِهَاقًا

اے صاحب فال آپ کی فال مبارک ہے۔ اب عیش و عشرت کے دن قریب

ہیں، آپ دورِ ابتلا میں اپنے رب کی یاد سے غافل نہیں ہے اور تنگی پر شکر کیا اس کا اجر اب ملے گا اور اللہ تعالیٰ آپ کو دین و دُنیا کی نعمتیں جلد عطا فرمائے گا آپ کے دلی مقاصد جلد پورے ہوں گے اور اچھی چیزیں آپ کو ملیں گی، مقدمات میں کامیابی ہوگی اولاد اور بیوی سے راحت ملے گی۔ آپ خوشی کے کاموں میں روپیہ صرف کریں گے اور محفلِ شادی آراستہ کریں گے۔

و

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

اے صاحب فال آپ کئی ماہ سے پریشان ہیں، کاروبار کی حالت خراب ہو رہی ہے، بے روزگاری سے تکلیف ہے۔ آمدنی کم ہے۔ مصارف بڑھے ہوئے ہیں اور آپ مقروض بھی ہو گئے۔ دوست اور رشتہ دار آپ کی مخالفت کرتے ہیں اور آپ کی طبیعت ہر وقت پریشان رہتی ہے لیکن آپ گھبرائیے نہیں ایک ہفتہ کے اندر آپ کے حالات درست ہو جائیں گے۔ روزگار مل جائیگا کاروبار میں ترقی کے آثار ظاہر ہوں گے۔ لوگوں کی مخالفت ختم ہو جائے گی۔ آمدنی بڑھے گی اور قرض ادا ہو جائے گا۔

ض

ضَاحِکَۃٌ مُّسْتَبْشِرَۃٌ

اے صاحب فال حکمِ خدا سے آپ کی پریشانیوں کا زمانہ ختم ہو چکا ہے اب آپ خوش و خرم ہوں۔ مقاصد دلی پورے ہوں گے۔ اچھی پوشاک اور اچھی خوراک ملے گی۔ لوگ آپ سے محبت کریں گے دوستوں اور عزیزوں

ہیں عزت ہوگی۔ آمدنی بڑھے گی اور آپ خوشی کے کاموں میں روپیہ صرف کریں گے
اگر آپ کے خلاف کوئی مقدمہ ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ عزت کے ساتھ
بری ہو جائیں گے۔

ج

جَنّٰتُ عَدۡنٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا الۡاَنۡہٰرُ

اے صاحب فال گھبرائیے نہیں مصیبتوں کے بادل چھٹنے والے ہیں، الی پریشانیاں عنقریب دُور ہو جائیں گی جسمانی اور رُوحانی تکالیف کا زمانہ ختم ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اب اچھے مکان اور روپیہ پیسہ کا آرام دے گا۔ اگر شادی کا ارادہ ہے تو بہت جلد آپ کی شادی خوب صورت شریف عورت کے ساتھ ہو جائیگی۔ قرض ادا ہو جائے گا۔ دشمنوں کے مقابلہ میں فتح و نصرت حاصل ہوگی، اور چار دن نفل نمازیں زیادہ پڑھیے اور درود شریف کا ورد رکھیے۔ اس کی برکت سے تمام پریشانیاں چند روز میں دُور ہو جائیں گی۔

ت

تَنۡزِیۡلَ الۡعَزِیۡزِ الرَّحِیۡمِ ط

اے صاحب فال موجودہ پریشانیاں محض آپ کی آزمائش کے لیے ہیں۔ صراط مستقیم پر مضبوطی سے قائم رہیے اور نیت خراب نہ کیجیے۔ اس وقت مستقل مزاجی اور ایمانداری کی بہت ضرورت ہے چند روز کے اندر آپ بحکم خدا ساحل مقصد تک پہونچ جائیں گے۔ سورۂ یٰسین شریف کا ورد رکھیے اس کی برکت سے آپ بہت جلد تمام مقاصد میں کامیاب ہوں گے۔

غ

غُثَاءً اَحْوٰی

اے صاحب فال آپ کی قسمت کا ستارہ اس وقت گردش میں ہے آپ کے دل میں خوفِ خدا نہیں ہے۔ عبادت کی جانب رغبت نہیں۔ بندگانِ خدا کا دل دکھاتے ہیں۔ گناہوں سے توبہ کرکے سیدھا راستہ اختیار کیجئے۔ مذہبی فرائض ادا کیجئے۔ لوگوں کا دل نہ دکھائیے۔ خیرات کیجئے۔ ان کے بعد فضلِ خداوندی شامل ہوگا اور آپ جائز مقاصد میں کامیاب ہوں گے۔

(٢) فالنامہ رمل نوایجاد

اشکال رمل کا یہ فالنامہ نوایجاد ہے اور اس کا بارہا تجربہ کیا گیا ہے جب کوئی مشکل درپیش ہو تو مطلب ذہن میں رکھ کر کاغذ پر نقطوں کی چار لائنیں قائم کرے۔ ہر لائن ایک سانس میں پوری کی جائے نقطوں کو شمار نہ کرے جتنے بھی نقطے ایک سانس میں لگ جائیں۔ جب نقطوں کی چار لائنیں تیار ہو جائیں تو ہر لائن کے نقطوں کو شمار کرے۔ اگر تعداد طاق ہو تو (٠) کا نشان علیحدہ دے اور جفت ہوں تو (—) کا نشان۔ مثلاً ایک شخص نے اس طرح نقطوں کی چار قطاریں بنائیں۔

. . . .

. . . .

. . . .

. . . .

پہلی قطار میں نو ۹ نقطے یعنی طاق ہیں لہذا (٠) نشان



دوسری قطار میں دس ۱۰ نقطے یعنی جفت ہیں لہذا (—) نشان

تیسری قطار میں سات ۷ نقطے یعنی طاق ہیں لہذا (٠) نشان

چوتھی قطار میں دس نقطے یعنی جفت ہیں لہذا (—) نشان

اس طرح شکل ٠—٠— حاصل ہوئی

نقطوں کی مختلف ترتیب سے حسب ذیل سولہ ۱۶ اشکال میں سے کوئی ایک شکل حاصل ہو گی۔

منقلب	ثابت	داخل	خارج
 (١)	 (١)	 (١)	 (١)
 (٢)	 (٢)	 (٢)	 (٢)
 (٣)	 (٣)	 (٣)	 (٣)
 (٤)		 (٤)	 (٤)
 (٥)			

اگر سوال داخلی معاملات سے ہے یعنی روپیہ کی آمد، روزگار ملنا یا غائب کی آمد وغیرہ سے ہے اور شکل داخل آئے تو کام فوراً ہو جائے گا۔ شکل ثابت ہے تو کام ہو جائے گا مگر دشواری اور تاخیر سے۔

شکل منقلب سے ادھورا کام ہوگا اور شکل خارج سے کام نہیں ہوگا۔ یعنی روپیہ اور روزگار وغیرہ نہیں ملے گا۔

اگر سوال خارج ہونے والے امور سے ہے۔ یعنی روپیہ کا خرچ، سفر، قیدی کی رہائی۔ مقدمات سے بریت وغیرہ تو شکل خارج سے فوراً کام

ہو جائے گا۔ شکل داخل سے کام نہیں ہوگا۔

شکل منقلب سے ادھورا کام ہوگا۔

شکل ثابت سے کام میں سخت رخنے پڑیں گے اور کامیابی کی اُمید کم ہے۔

اوپر مثال کی جو شکل دی گئی تھی اس سے اگر سوال روزگار کا ہے تو ناکامی ہو گی۔ غائب نہیں آئے گا۔ سفر ہوگا اور قیدی رہا ہو جائے گا۔

۳ فالنامہ برائے مریض

حمل	ثور	جوزا	سرطان
اسد	سنبلہ	میزان	عقرب
قوس	جدی	دلو	حوت

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور یہ دیکھنا چاہے کہ اسے کیا بیماری ہے کس قسم کی دوا سے فائدہ ہوگا اور کب تک صحت حاصل ہو گی تو صدق دل سے آنکھ بند کر کے نقشہ بالا کے کسی خانہ پر انگشت شہادت رکھ دے اور اپنا جواب حاصل کرے۔

حمل

مریض منگل کو بیمار ہوا ہے۔ اس نے کوئی گرم غذا یا دوا زیادہ مقدار میں کھائی ہے۔ اسی وجہ سے بیماری لاحق ہوئی ہے۔ پیروں میں تشنج زیادہ ہوتا ہے، تیز بخار ہے۔ اگر عورت ہے تو معمولات میں خرابی ہے۔ مرد کو فساد خون پھوڑے پھنسی اور بواسیر کی شکایت ہو سکتی ہے۔ مریض کو وہ دوائیں جلد فائدہ کریں گی جن کا رنگ سرخی مائل ہو۔ کانٹے دار بوٹیوں سے جو دوا تیار کی جائے وہ بھی فائدہ کرے گی۔ مریض کو تین دن یا نو دن زیادہ تکلیف ہوگی۔ اس کے بعد مرض آہستہ آہستہ کم ہو جائے گا۔ مکمل صحت دشوار ہے۔ زندگی میں مرض کے حملے ہوتے رہیں گے۔

ثور

مریض جمعہ کے دن بیمار ہوا ہے اس نے شب جمعہ کو ڈراؤنا خواب بھی دیکھا تھا۔ بیماری سردی کے اثر سے ہے۔ عورت کو رحم کی خرابی معلوم ہوتی ہے۔ مریض کے جوڑوں میں درد رہتا ہے اور اعضا شکنی بھی ہے۔ مریض کو میٹھی دواؤں اور انجیر، سیب۔ انگور اور آش جو وغیرہ سے فائدہ ہوگا۔ مریض کو ایک ہفتہ کے اندر صحت ہو جائے گی۔

جوزا

مریض بدھ کو بیمار ہوا۔ امراض کا غلبہ ہے۔ بلغم کی زیادتی ہے۔ ایسی دواؤں سے زیادہ فائدہ ہوگا جو زردی مائل ہوں۔ سبزی مثلاً باقلہ، لوبیا وغیرہ زیادہ کھلائیے۔ میٹھا انار اور انگور بھی مفید ہے نرم اور ملائم پتوں والی بوٹیوں

سے جو دوائیں تیار کی جائیں ان سے فائدہ ہوگا۔ مریض کو چھ دن زیادہ تکلیف رہے گی۔ اس کے بعد آرام ہو جائے گا۔

سرطان

مریض دوشنبہ کو بیمار ہوا۔ سرد و تر چیزوں کے زیادہ استعمال سے تکلیف ہوئی۔ جادو کا اثر بھی ہو سکتا ہے۔ مریض کے مزاج میں رطوبت غالب ہے سینہ میں درد ہے۔ معدہ اور طحال میں خرابی ہے۔ ککڑی اور خربوزے کا استعمال کم مقدار میں مفید ہے۔ کبودی اور زردی مائل دواؤں سے جلد فائدہ ہوگا۔ مریض کو چار دن کے اندر صحت ہو جائے گی۔

اسد

مریض اتوار کو بیمار ہوا۔ صفرا کا غلبہ معلوم ہوتا ہے سرخی مائل اور کاہی رنگ کی دواؤں سے جلد فائدہ ہوگا۔ پسلی، سر اور سینہ میں درد زیادہ ہے خرما، ناریل چلغوزہ اور بادام کا استعمال مفید ہے۔ جو اور میتھی کا تعلق بھی برج اسد سے ہے۔ مریض کو اگر فوری طور پر صحت نہ ہوئی تو دس دن یا ایک ماہ یا دس ماہ تک مرض رہے گا۔

سنبلہ

مریض بدھ کو سہ پہر کے بعد بیمار ہوا۔ سرد و خشک چیزیں یا دوائیں زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے تکلیف ہوئی۔ بخار گھٹتا بڑھتا رہتا ہے۔ کبھی کبھی مریض کی حالت اچانک خراب ہو جاتی ہے گندم گوں یا سیاہی مائل دواؤں

کے استعمال سے جلد فائدہ ہوگا۔ سبزی زیادہ استعمال کرائیے۔

میزان

مریض جمعہ کو نماز عصر کے بعد بیمار ہوا۔ دل پر گھبراہٹ ہے خیالات پریشان کرتے ہیں۔ طبیعت پر افسردگی چھائی رہتی ہے۔ موت کا اندیشہ رہتا ہے۔ مریض کو دماغی سکون کی بہت ضرورت ہے۔ مفرح دواؤں اور تازہ پھلوں سے جلد فائدہ ہوگا۔

عقرب

مریض منگل کو غروب آفتاب کے بعد بیمار ہوا ہے۔ سرد و تر دواؤں اور چیزوں کا زیادہ استعمال مضر ہوا ہے۔ خون میں خرابی ہے۔ درد قولنج اور گردہ کی شکایت بھی ہو سکتی ہے ایسی دواؤں اور پھلوں کے استعمال سے جلد فائدہ ہوگا جن کے رنگ میں سرخی و سفیدی ہو۔ نو دن مریض کو زیادہ تکلیف رہیگی۔

قوس

مریض پنجشنبہ کو دوپہر سے پیشتر بیمار ہوا۔ زیادہ گرم چیزیں استعمال کی ہیں۔ اختلاج قلب کی کیفیت طاری ہے۔ سر چکراتا ہے۔ زرد رنگ کی دواؤں سے جلد فائدہ ہوگا۔ معتدل دواؤں کی ضرورت ہے خوشبو مریض کے پاس رکھی جائے۔ گلاب مفید ہے۔ انجیر، شفتالو اور میٹھا بے دانہ انار مفید ہے۔ مریض کو پانچ دن بعد آرام ہوگا۔

جدی

مریض ہفتہ کو دوپہر کے وقت بیمار ہوا سرد و خشک چیزوں کے زیادہ استعمال سے نقصان پہونچا۔ جسم کے نچلے حصہ میں مثلاً کمر و سرین وغیرہ میں درد زیادہ رہتا ہے سیاہ اور خاکستری رنگ کی دواؤں سے جلد فائدہ ہوگا جو دوائیں کسیلے پودوں کے عرق یا پتوں سے تیار کی جائیں فائدہ کرینگی۔ زیتون اور ارنڈی کے تیل بھی مفید ہیں۔ آٹھ دن مریض کو زیادہ تکلیف رہے گی۔ مرض آٹھ ماہ تک طول کھینچ سکتا ہے۔

دلو

مریض ہفتہ کو سہ پہر کے بعد بیمار ہوا۔ مزاج پر حرارت زیادہ ہے دل بہت گھبراتا ہے۔ ڈراؤنے خواب نظر آتے ہیں گرم و تر اشیاء کا زیادہ استعمال مضر ہوا۔ مریض کی ہڈیوں میں بخار یا درد ہے، ریڑھ کی ہڈی کمزور ہے داہنے کان میں بھی تکلیف ہو سکتی ہے۔ ایسی دواؤں سے جلد فائدہ ہوگا جو سیاہی مائل اور بھورے رنگ کی ہوں۔ اخروٹ، بادام، پستہ، کھٹا انار، لونگ اور ہڑ کے مرکبات وغیرہ کا استعمال مفید ہے۔ مریض کو آٹھ ماہ تک تکلیف رہ سکتی ہے۔

حوت

مریض جمعہ کو نماز مغرب کے بعد بیمار ہوا ہے سرد و تر چیزوں کے زیادہ استعمال اور مرطوب آب و ہوا سے صحت خراب ہوئی ہے درد گردہ، قرح مثانہ و


دیگر امراض مثانہ ہو سکتے ہیں۔ داہنے پیر میں درد زیادہ ہوتا ہے کمر میں بھی تکلیف ہے۔ ایسی دواؤں کے استعمال سے جلد فائدہ ہوگا۔ جن کا رنگ زرد مائل بہ سفیدی ہو۔ مچھلی اور طیور وغیرہ کا گوشت اور انجیر۔ خرما۔ جو اور میتھی کا استعمال مفید ہے۔

مریض کو ایک ہفتہ یا سات ماہ تکلیف رہے گی۔ اس کے بعد آرام ہو جائے گا۔

★★★★★★★★★★★★★★★★★

④ فالنامہ موکلان برائے غائب

اگر کوئی شخص لاپتہ ہو تو اس کا حال دریافت کرنے کے لیئے صدق دل سے حسب ذیل نقشہ کے کسی خانہ پر انگشت شہادت رکھے اور جواب حاصل کرے موکلان کے اسماء کا یہ فالنامہ علم نجوم کے قواعد کے مطابق بہت محنت سے تیار کیا گیا ہے۔



اہراطیل

اگر اس خانہ پر انگلی آئے تو جس شخص کا پتہ معلوم کرنا ہے وہ سمت شمال میں ہے اور اپنے عزیزوں کو یاد کرتا ہے۔ پردیس میں اسے کوئی تکلیف نہیں ہے۔ لیکن وطن واپس آنا چاہتا ہے اس سے ملاقات جلد ہوگی۔

حونائیل

مفقود الخبر دکن کی جانب آرام و آسائش کے ساتھ ہے وہ عنقریب اپنے رشتہ داروں کی مدد کیلئے کچھ روپیہ بھیجنا چاہتا ہے۔ اس کا پتہ عنقریب عزیزوں اور دوستوں کو معلوم ہو جائے گا۔ مفقود الخبر نے پردیس میں شادی بھی کر لی ہے یا اس کی شادی وہاں ہونے والی ہے۔

تنکفیل

مفقود الخبر سمت مشرق میں بیمار ہے۔ اہل محلہ سے اس کے تعلقات اچھے ہیں اور وہ لوگ اس کی تیمار داری کر رہے ہیں۔ غائب سے اس کے دوستوں اور رشتہ داروں کی ملاقات ہونی دشوار ہے۔

رومائیل

غائب مغرب کی جانب آرام اور عزت کے ساتھ ہے اس نے کچھ روپیہ بھی جمع کر لیا ہے وطن واپس آنا نہیں چاہتا۔ اسے اپنے عزیزوں اور دوستوں سے محبت باقی نہیں رہی ہے لیکن اگر کسی شخص سے اسکی ملاقات ہو

تو وہ اخلاق و تواضع سے پیش آئے گا اور ملال ظاہر نہیں کرے گا۔

لومائیل

غائب شمال مشرق کی طرف گیا ہے اس نے کوئی خاص مقام متعین کر لیا ہے لیکن اب تک منزل پر نہیں پہونچا ہے اور راہ میں پریشان و سرگرداں ہے وطن واپس آنا چاہتا ہے مگر شرمندگی دامنگیر ہے۔

کاکائیل

غائب شمال مغرب کی جانب ہے راستہ میں اُسے تکالیف کا سامنا کرنا پڑا، لیکن اب کوئی خاص پریشانی نہیں۔ وطن جلد واپس آجائے گا۔

طاطائیل

جس شخص کا پتہ دریافت کیا جا رہا ہے وہ جنوب مشرق کی جانب پریشان و سرگرداں ہے۔ اس کی صحت بھی درست نہیں۔ احباب اور رشتہ دار اگر کوشش کریں تو اس کا پتہ آسانی سے مل سکتا ہے اور وہ واپس بھی آجائے گا۔


دردائیل

غائب جنوب مغرب کی جانب گیا ہے اس سے ملاقات کا امکان بہت کم ہے اور اگر کبھی وہ وطن واپس بھی آیا تو عرصہ کے بعد واپس آئے گا۔ سردست واپسی کا ارادہ نہیں ہے۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

⑤ فالنامہ برائے شادی

جب کسی کا شادی کرنی ہو تو سچے دل سے نقشہ ذیل کے کسی خانہ پر انگشت شہادت آنکھ بند کر کے رکھے اور جواب تلاش کرے۔



١- عورت شریف خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔ مگر مزاج میں غرور بہت ہے۔ شان شوکت پسند کرتی ہے۔ داہنے بازو پر تل ہے۔ اچھی پوشاک اور اچھے مکان کی شائق ہے۔ شوہر سے محبت کرے گی اور اسے آرام دیگی۔ مگر ہر معاملہ میں شوہر کی کورانہ اطاعت نہیں کر سکتی۔

۲ - عورت خوب صورت ہے۔ گورا رنگ جسم مائل بہ گدازی۔ بشوخ مزاج اور چنچل ہے۔ خوشبو اچھی پوشاک اور بناؤ سنگھار کی شائق ہے۔ ذہین اور سمجھدار ہے شوہر سے محبت کریگی اور ہر طرح آرام پہونچانے کی کوشش کریگی۔

۳ - عورت درمیانہ حیثیت کے خاندان سے تعلق رکھتی ہے - ذہین اور چالاک ہے خوش گلو اور خوش رو ہے۔ سادگی پسند کرتی ہے۔ مگر مزاج میں تلون بہت ہے ایک فیصلہ پر قائم نہیں رہ سکتی۔ شوہر کی وفادار ہوگی مگر کبھی کبھی ضد اور بحث سے شوہر کو پریشان کرے گی۔

۴ - عورت کافی حد تک خوب صورت ہے۔ گندمی رنگ، چھریرا جسم۔ بڑی آنکھیں سینے پر تل ہے۔ مزاج میں شوخی اور شرارت بہت ہے۔ خوش مزاج شوہر سے بہت اچھے طریقے سے نباہ کر سکتی ہے۔ لیکن سنجیدہ مزاج اور مقطع شوہر کو تنگ کرے گی۔

۵ - عورت سانولے رنگ کی ہے۔ مزاج میں غصہ اور ضد بہت ہے معمولی گھرانے سے تعلق رکھتی ہے شوہر کی فرمانبرداری نہیں کرے گی بلکہ شوہر کو اپنے قبضہ میں رکھنا چاہے گی۔ سخت مزاج شوہر سے نباہ کر سکتی ہے۔ لیکن حلیم الطبع اور کمزور دل شوہر کو اس سے تکلیف ہوگی۔ داہنی ران پر تل ہے۔

۶ - عورت فربہ اندام۔ گندمی رنگ ہے۔ آنکھیں چھوٹی ہیں سر کے بال بڑے ہیں۔ داہنی کلائی پر تل ہے۔ بہت بردبار اور سنجیدہ مزاج ہے۔ شوہر سے محبت کرے گی۔ اور اسے ہر طرح آرام پہونچانے کی کوشش کرے گی خانہ داری کے کام میں ماہر ہے۔

۷ - عورت خوب صورت ہے جسم چھریرا۔ آنکھیں بڑی سر بال گھنے اور

معزز گھرانے سے تعلق رکھتی ہے۔ عیش پسند ہے۔ خوش حال شوہر کے ساتھ اچھی طرح نباہ کر سکتی ہے۔ غریب یا بدمزاج شوہر سے نباہ نہیں کر سکتی۔ ٹھوڑی پر تل ہے۔ آواز اچھی ہے۔ خانہ داری کے کاموں میں زیادہ توجہ نہیں کریگی۔

۸۔ عورت کا رنگ مائل بہ سیاہی ہے، دبلی پتلی ایک آنکھ میں کسی قدر خرابی۔ ضدی اور بحث کرنے والی ہے۔ شوہر سے خصومت کریگی خانہ داری خوب کرے گی۔ مگر شوہر اور اس کے رشتہ داروں کو تنگ کرتی رہے گی۔

۹۔ عورت شریف خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔ خودداری بہت ہے۔ خلاف مزاج بات کو برداشت نہیں کر سکتی۔ غضبناک اور جنگ جو ہے۔ رنگ صاف گداز جسم۔ آنکھوں میں سرخی۔ شوہر کی وفادار ہو گی اور اگر شوہر بردبار ہو تو نباہ بھی ہو جائے گا۔ گھر اور تن کی آراستگی کا خیال نہیں رکھے گی خانہ داری کے معاملات میں زیادہ دلچسپی لے گی۔


(وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب)

عورت کا حال دریافت کرنے کے لئے صفحہ ۲۹ ملاحظہ فرمائیے۔

فالنامہ (۶)

چور کا حال دریافت کرنے کیلئے

اگر کسی شخص کا کچھ سامان چوری ہو گیا ہو اور اُسے معلوم کرنا ہو کہ چوری کس نے کی ہے تو صدق دل سے نقشہ ذیل کے کسی خانہ پر آنکھ بند کر کے انگشت شہادت رکھے۔ جواب مناسب مل جائے گا۔ (انشاء اللہ)



ا

مال کسی عورت نے چرایا ہے یا وہ سازش میں شریک ہے، رنگ سانولا، دبلا پتلا جسم، بائیں آنکھ میں کچھ خرابی ہے اگر کوشش کی جائے تو مال دستیاب ہوسکتا ہے۔

غ

مال کسی نوجوان نے چرایا ہے۔ گورا رنگ، گداز جسم شکل پر سختی طاقتور، سامان چرا کر دور چلا گیا ہے اور اب مال دستیاب نہیں ہوسکتا۔

ق

مال چوری نہیں ہوا یا تو روپیہ زیور وغیرہ راستہ میں آپ کی جیب سے گر گیا ہے یا آپ کہیں رکھ کر بھول گئے ہیں کسی شخص پر بدگمانی کی ضرورت نہیں یہ نقصان خود آپ کی غلطی کا نتیجہ ہے۔ حافظہ پر زور دیجئے۔ شاید مال مسروقہ مل جائے۔ اُمید کم ہے۔

ی

کئی آدمیوں نے مل کر سامان چرایا ہے اور چور کسی دوسرے علاقہ کے ہیں۔ اگر جمعہ اور بدھ کا دن گزار کر رات کو چوری ہوئی ہے تو شاید دوڑ دھوپ سے کچھ مال مل جائے ورنہ کوئی اُمید نہیں، صبر کیجئے۔

ش

مال اگر دوشنبہ یا بدھ کا دن گزرا کہ چوری ہوا ہے تو ادھیڑ عمر کا ایک بدصورت شخص جس کے پیر پر برص کا داغ ہے۔ چرا کر بھاگ گیا ہے اور مال مسروقہ دستیاب نہیں ہو سکتا۔ لیکن اگر منگل یا جمعرات کو رات کے وقت چوری ہوئی تو کسی قوی ہیکل بدمعاش نے مال چرایا ہے وہ شہر میں موجود ہے اور شاید کسی موقع پر اقبال جرم بھی کر لے۔ لیکن مال آپ کو نہیں دیگا۔ اتوار کو اگر چوری ہوئی تو مال گھر کے اندر ہی مل جائے گا۔

واللہ اعلم بالصواب

فالنامہ ⑦

ابجد برائے فتح و شکست

اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ دشمن، بیوی، محبوب یا مرض کے مقابلہ میں فتح ہوگی یا شکست تو ابجد کے طریقہ سے اپنے اور فریق ثانی کے ناموں کے اعداد علیحدہ علیحدہ نکالے اور انہیں نو ۹ پر تقسیم کر دیں۔ اگر دونوں کے باقی اعداد طاق رہیں تو جس کے اعداد کم ہوں گے وہ فتح یاب ہوگا۔ اگر ایک کے طاق اور دوسرے کے جفت ہوں تو جن کے اعداد زیادہ ہوں گے وہ غالب رہے گا۔

اگر دونوں کے اعداد جفت ہیں تو صلح ہو جائے گی۔ اگر اعداد برابر ہیں تو جو عمر میں چھوٹا ہوگا وہ غالب رہے گا۔ (نقشہ صفحہ ۳۲ پر ملاحظہ فرمائیے)

نقشہ ابجد حسب ذیل ہے

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

مثلاً ایک شخص محمد حسین سوال کرتا ہے کہ اسے اپنی محبوبہ یا بیوی زبیدہ کے مقابلہ میں کامیابی ہوگی یا نہیں تو محمد حسین کے حرف ابجد سے جمع کیجئے۔

م	ح	م	د	ح	س	ی	ن
۴۰	۸	۴۰	۴	۸	۶۰	۱۰	۵۰

میزان :- ۲۲۰

زبیدہ کے اعداد جمع کیجئے۔

ز	ب	ی	د	ہ	=	میزان
۷	۲	۱۰	۴	۵	=	۲۸

اعداد محمد حسین کے مجموعہ ۲۲۰ کو ۹ پر تقسیم کیا تو باقی رہے ۴


اعداد زبیدہ کے مجموعہ ۲۸ کو ۹ پر تقسیم کیا تو باقی رہا ۱

محمد حسین کے اعداد جفت (۴) اور زبیدہ کے طاق (۱) اس صورت میں

چونکہ محمد حسین کے اعداد زیادہ ہیں۔ اس لئے اس کو زبیدہ کے مقابلہ میں کامیابی ہوگی۔ اگر مرض کے مقابلہ میں صحت یابی دیکھنا ہو تو حکیم یا ڈاکٹر اور مریض کے ناموں کے اعداد سے حساب کرے۔ اگر ڈاکٹر یا حکیم غالب اور مریض مغلوب ہے تو صحت ہو جائے گی، ورنہ نہیں۔

(۹) فالنامہ منازل قمر برائے قرض

اگر کسی شخص کو روپیہ قرض دینا ہو یا اس سے قرض مانگنا ہو تو نقشہ ذیل کے کسی گوشہ پر انگشت شہادت رکھے اور اس کے مطابق جواب حاصل کرے۔ یہ فالنامہ منازل قمر یعنی نچھتروں کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔



نشرہ

قرض طلب کرنا بے سود ہے۔ وہ شخص روپیہ نہیں دے گا اگر دوپہر یا سہ پہر کو کسی کو روپیہ قرض دیا گیا تو وصول نہ ہوگا۔

ذابح

دوپہر سے پیشتر مانگیئے روپیہ قرض مل جائے گا۔ اس کے بعد نہیں۔ شام کو اگر روپیہ قرض دیا جائے تو وہ وصول ہو جائے گا۔

طرفہ

شام کا وقت روپیہ قرض دینے اور صبح کا وقت کسی سے قرض لینے کے لئے مناسب ہے۔ دوپہر دونوں باتوں کے لئے ناقص ہے۔

شرطین

ایک گھڑی دن نکلے اگر روپیہ قرض مانگا جائے تو کامیابی ہوگی۔ کسی کو روپیہ آپ قرض دیں گے تو وقت سے وصول ہوگا۔

بلدہ

جس وقت بھی روپیہ قرض مانگا جائے مل جائے گا۔ آپ بھی کسی شخص کو روپیہ قرض دے سکتے ہیں۔

بلغ

آج کسی سے قرض نہ مانگیئے ۔ شرمساری ہوگی ، قرض دینے کے لیے سہ پہر تک وقت مناسب ہے ۔

نعائم

صرف رات کو قرض طلب کرنے میں کامیابی ہوگی ، دوپہر سے غروب آفتاب تک اگر قرض دیا جائے تو وصول ہو جائے گا ۔

عقرہ


نہ کسی سے قرض مانگیئے اور نہ کسی کو قرض دیجئے ۔

فالنامہ جوتش صفحہ ۳۶ پر ملاحظہ فرمائیے

(مرتب)

⑨ فالنامہ جوتش

جوتش کے حسابات کے مطابق یہ فالنامہ بہت محنت سے مرتب کیا گیا ہے۔ جب کوئی بات دریافت کرنا ہو تو نقشہ ذیل کے کسی خانہ پہ انگلی رکھ کر جواب معلوم کیجئے۔



شمس

آپ کا مقصد بہت جلد حاصل ہونے والا ہے، راج دربار میں عزت ہوگی۔ بڑے آدمیوں سے فائدہ پہونچے گا۔ اس وقت جو صفراوی شکایت ہے وہ ایک ہفتہ کے اندر دور ہو جائے گی۔ اگر آپ کے خلاف کوئی مقدمہ دائر ہے تو فیصلہ آپکے حق میں ہوگا۔ زعفرانی رنگ کی کوئی چیز خیرات کرنا چاہیئے تاکہ موجودہ پریشانیاں جلد دور ہوں

قمر

آج کل آپ مستقل مزاج نہیں ہیں۔ جلدی جلدی رائے بدلتے ہیں ہر شخص کے کہنے سننے میں آجاتے ہیں، تلون اور جلد بازی سے کام بگڑ رہے ہیں۔ سات دن آپ کے لئے ناقص ہیں۔ اس کے بعد دل و دماغ کو سکون حاصل ہوگا دوستوں میں عزت بڑھے گی اور مالی فائدہ ہوگا ایک دوست نما دشمن سے احتیاط کیجئے۔ وہ آپ کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہا ہے اگر آپ مقروض ہیں تو بہت جلد سبکدوش ہو جائیں گے۔ شرط صرف یہ ہے کہ آپ موجودہ تفکرات سے مایوس نہ ہوں حوصلے بلند رکھیئے۔ مقدمہ کے لئے چار دن ناقص ہیں۔ اگر آپ تجارت پیشہ ہیں تو ایک ہفتہ نیا سامان نہ خریدیئے سفید رنگ کی کوئی چیز خیرات کیجئے۔

عطارد

مبارک ہو زمانہ موافق ہے اور آپ تین دن کے اندر ایک اچھی خبر سنیں گے کاروبار میں ترقی ہوگی، سامان تجارت خریدنے اور بیچنے کے لئے زمانہ اچھا ہے آپ نے اگر کسی شخص کو روپیہ قرض دیا ہے تو وصول ہو جائے گا۔ مقدمہ کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا۔ اگر آپ کسی امتحان میں شریک ہونا چاہتے ہیں تو کامیابی ہوگی۔ تین دن کے بعد سفر بھی مبارک ہے ۔ کاہی یا سبز رنگ کی کوئی چیز خیرات کیجئے۔

زہرا

اس وقت ہمت اور استقلال سے کام لینے کی سخت ضرورت ہے۔ کسی

دوست یا بچھڑے ہوئے عزیز کی یاد آپ کو اکثر ستاتی رہتی ہے اللہ کی رحمت پر بھروسہ رکھیئے دوست سے ملاقات جلد ہوگی۔ اس زمانہ میں آپ کسی کو روپیہ قرض نہ دیں، وصول نہ ہوگا۔ اگر آپ کو نقرس یا درد گردہ کی شکایت ہے تو علاج سے جلد آرام ہو جائے گا۔ کسی نئے دوست کے ذریعہ بدنامی یا مالی نقصان کا اندیشہ ہے، احتیاط کیجیئے، سفید اور آسمانی رنگ کی کوئی چیز خیرات کیجیئے۔ بگڑے ہوئے کام درست ہو جائیں گے۔

مشتری

مبارک ہو، اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم شامل حال ہو رہا ہے آپ کو تمام پریشانیوں سے بہت جلد نجات حاصل ہونے والی ہے۔ کسی خدا رسیدہ بزرگ کی مدد سے آپ کو بہت فائدہ پہونچے گا۔ عبادت کیجیئے، یاد رکھیئے نماز اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا فرض ہے، مشرق کی جانب سفر سے فائدہ پہونچے گا۔ کاروبار میں ترقی ہوگی، اچھے اور شریف دوستوں سے تعلقات بڑھیں گے۔ مقدمہ کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا۔ امتحان میں اللہ کے حکم سے کامیابی ہوگی۔ ہرے یا زرد رنگ کی کوئی چیز خیرات کیجیئے۔ بہت فائدہ پہونچے گا۔

مریخ

آج کل آپ کی طبیعت کچھ پریشان رہتی ہے۔ کسی دشمن یا قرض خواہ کا خوف دل پر طاری ہے صحت بھی کسی قدر خراب ہے، خون میں خرابی معلوم ہوتی ہے نو دن آپ کے لئے ناقص ہیں۔ دوستوں سے ملنے جلنے میں احتیاط کیجیئے زود رنجی اور غصہ کی وجہ سے کوئی کام بگڑ سکتا ہے سُرخ رنگ کی کوئی چیز خیرات کیجیئے۔ آپ کی پریشانیاں دُور ہو جائیں گی فکر نہ کیجیئے، اللہ کے حکم سے

آپ دشمن پر فتح پائیں گے۔ قرض ادا ہو جائے گا اور بیماری سے بہت جلد مکمل صحت ہو جائے گی۔

راہو

آج کل آپ پریشان زیادہ ہیں متعلقین کی صحت بھی درست نہیں ہے قرضداری بڑھ رہی ہے اور آمدنی کے اضافہ کی کوئی صورت نہیں آپ پریشان نہ ہوں۔ پانچ دن کے اندر اللہ تعالیٰ آپ کی مدد کرے گا زرد اور نیلے رنگ کی کوئی چیز خیرات کیجئے اور دعا کیجئے اس کے بعد آپ کے بگڑے ہوئے کام آہستہ آہستہ درست ہو جائیں گے۔ قرض اٹھارہ دن یا اٹھارہ ماہ کے اندر ادا ہو جائیگا۔ مقدمہ کیلئے زمانہ اچھا نہیں ہے دوستوں سے ملنے جلنے میں چند روز احتیاط کیجئے۔

زحل

اگر آپ بیمار ہیں تو سوداوی امراض کا غلبہ ہے آٹھ دن یا آٹھ ہفتے آپ کو تکلیف رہیگی کوئی درپردہ مخالف آپکو نقصان پہونچانے کی کوشش کر رہا ہے ہوشیار رہئیے۔ اگر آپ کسی کو روپیہ قرض دیں گے تو مشکل سے وصول ہوگا۔ سڑک پر چلتے وقت مویشیوں سے احتیاط کیجئے چوٹ کا خطرہ ہے۔ بلاؤں اور پریشانیوں کو دور کرنے کے لئے سیاہ رنگ کی کوئی چیز خیرات کیجئے صدقہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ آپ پر کرم فرمائے گا اور پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔

کیتو

آپ کو جو پریشانیاں آج کل ہیں وہ چار دن کے اندر دور ہو جائیں گی نیلے رنگ کی کوئی چیز اللہ تعالیٰ کے نام پر مسکینوں کو دیجئے آپ عنقریب سفر کریں گے۔

اور سفر سے فائدہ ہوگا۔ آپ نے جو رقم قرض دی ہے وہ وصول ہو جائیگی۔ مقدمہ کا فیصلہ آپ کے خلاف ہوگا۔ اپنے پوشیدہ مخالفوں سے ہوشیار رہیئے۔

۱۰ فالنامہ رنگ

ایک ہفتہ کے حالات معلوم کرنے کیلئے

اگر آپ یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ اس ہفتے آپ پر کس ستارے کا اثر ہے اور آمدنی و مصارف وغیرہ کا کیا حال رہے گا؟ تو ذیل کے نقشہ میں کسی خانہ پر اُنگلی رکھ کر ایک ہفتہ کے مفصل حالات معلوم کر لیجیے۔



سبز

سبز رنگ پر اُنگلی پڑے تو اس ہفتے آپ پر عطارد اور زہرہ کا ملا جلا اثر ہے کاروبار میں ترقی ہو گی۔ دوستوں کے خطوط سے خوشی ہو گی، بیوی اور محبوب سے راحت ملے گی، خوشی کے کام میں روپیہ صرف ہو گا۔ اگر آپ تجارت پیشہ ہیں تو سفر سے مالی فائدہ ہو گا صحت اچھی رہے گی۔ آمدنی بڑھے گی، بدھ کا روز اور نماز سے پیشتر جمعہ کے دن آپ کے لئے مبارک ہیں۔

آسمانی

اگر آسمانی رنگ پر اُنگلی پڑے تو اس ہفتے آپ پر زہرہ کا اثر ہے۔ آپ عیش و آرام کریں گے۔ محبوبہ اور دوستوں سے آرام ملے گا۔ آمدنی بڑھے گی اور عیش و آرام میں روپیہ صرف ہو گا۔ لذیذ اور عمدہ غذائیں ملیں گی۔ سفر سے فائدہ ہو گا۔ تفریح زیادہ ہو گی۔ صحت اچھی رہے گی۔ اس بات کا خیال رکھیئے کہ مصارف آمدنی سے بڑھنے نہ پائیں، ورنہ مقروض ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ جمعہ کا دن مبارک ہے۔

سفید

اس ہفتے آپ پر قمر کے اثرات غالب ہیں، طبیعت خوش رہے گی دوستوں سے راحت ملے گی، بذلہ سنجی اور خوش مزاجی کی طرف رجحان رہے گا آمدنی اور مصارف کی حالت درمیانہ رہے گی۔ کاروبار میں کوئی خاص ترقی ظاہر نہ ہو گی۔ آپ کے لئے دوشنبہ کا دن مبارک ہے۔

ارغوانی

اس خانہ پر اُنگلی رکھیں تو آپ پر اس ہفتے شمس کا اثر ہے حکام اور بزرگوں سے تعلقات بڑھیں گے، کاروبار میں ترقی ہوگی۔ آمدنی بڑھے گی۔ اولاد کی جانب سے کسی قدر پریشانی ہوگی۔ بیوی سے آرام ملے گا۔ محبوبہ سے شکر رنجی ہوگی، دوستوں سے غلط فہمی اور تکرار کا اندیشہ ہے، سفر کے لئے یہ ہفتہ اچھا نہیں، آپ کے لئے اتوار کا دن مبارک ہے۔

سیاہ

اس ہفتے آپ پر ستارہ زحل کا اثر ہے، طبیعت متفکر اور پریشان رہے گی، دوستوں سے رنج ہوگا، آمدنی کم ہوگی مصارف بڑھ جائیں گے مقروض ہوجانے کا اندیشہ ہے۔ آپ پریشان کن خواب دیکھیں گے۔ بیوی اور محبوبہ سے آرام نہ ملے گا۔ صحت خراب رہے گی۔ سفر میں جسمانی تکلیف اور کوئی نقصان ہوگا۔ اگر اس ہفتہ انگوٹھی میں نیلم ہے تو نحوست کم ہوجائے گی۔ ہفتہ کا دن آپ کیلئے کسی قدر اچھا رہے گا۔

زرد

اگر اس خانہ پر اُنگلی رکھیں تو یہ ہفتہ مشتری کے زیر اثر ہے بزرگوں اور خدا رسیدہ لوگوں سے تعلقات بڑھیں گے آپ درگاہوں کی زیارت کریں گے۔ مذہبی اور نیک کاموں کا شوق ہوگا۔ آمدنی بڑھے گی مصارف کم ہوں گے، کاروبار میں ترقی ہوگی سفر میں آرام ملے گا۔ متعلقین

کی صحت اچھی رہے گی ، نیک اور شریف دوستوں کی ملاقات سے خوشی ہو گی ۔ پنجشنبہ کا دن آپ کے لیئے مبارک ہے ۔

سُرخ

اس ہفتہ آپ پر مریخ کا اثر غالب رہے گا ۔ طبیعت میں غصہ بڑھے گا اور آپ ضد سے اپنا کوئی کام بگاڑ لیں گے ، محبوبہ اور دوستوں سے کشیدگی ہو گی ، گھر داری کے معاملات میں آرام نہ ملے گا ، آمدنی اور خرچ کی حالت مساوی رہے گی ۔ آپ کی صحت فساد خون سے خراب ہو سکتی ہے ۔ پھوڑے پھنسی کا اندیشہ ہے چھری چاقو وغیرہ استعمال کرنے میں احتیاط کیجیئے ، سفر کے لیئے ہفتہ اچھا نہیں ، منگل کا دن آپ کے لیئے اچھا ہے ۔

خاکی


اگر اس خانہ پر انگلی رکھیں تو اس ہفتہ عطارد کا اثر ہے ۔ چند روز اچھے گزریں گے اور چند روز کسی قدر تکلیف کے ساتھ آمدنی اور خرچ کی حالت درمیانہ رہے گی ، کسی کام میں فائدہ ہوتے ہوئے رک جائے گا ۔ بیوی کی صحت کسی قدر خراب رہے گی ، محبوبہ اور دوستوں سے معمولی آرام ملے گا ۔ سفر کا ارادہ آپ کریں گے ، مگر منسوخ کر دیں گے ۔ ہفتے کے آخری دنوں میں کسی نیک اور معزز آدمی کی مدد سے آپ کو کچھ فائدہ ہو سکتا ہے ، بدھ کا دن آپ کے لیئے اچھا ہے ۔

فالنامہ (۱۱)

باغ وبہار

یہ بنگالی فالنامہ ہے اور اس کا ترجمہ بنگالی زبان سے کیا گیا ہے۔ جب کوئی حاجت پیش آئے تو کاغذ کے سات چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں پر حسب ذیل پھولوں کے نام لکھے اور گولیاں بنا کر کسی چھوٹے بکس یا برتن میں ڈال دے، ضرورت کے وقت ایک گولی نکالے۔ اس میں جس پھول کا نام درج ہو اس کے مطابق عمل کرے۔

پھولوں کے نام یہ ہیں.



گلاب

اگر اس نام کی گولی نکلے تو مقصد تین دن سے پہلے حاصل نہیں ہو سکتا۔ سفر سے فائدہ ہوگا۔ کوئی دوست نقصان پہونچانے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس سے ہوشیار رہنا چاہیئے اگر شادی کا ارادہ ہے تو اس سال شادی ہو جائے گی اور خوب صورت بیوی ملے گی، نیا کاروبار تین دن گزر جانے کے بعد دوشنبہ کو شروع کرنا چاہیئے فائدہ ہوگا۔ مقدمہ میں فتح ہوگی اور دشمن زیر ہو جائے گا۔

جوہی

اے صاحب فال مبارک ہو، تیرا مقصد بہت جلد حاصل ہونے والا ہے، تو نے جو خبر سنی ہے غلط ہے۔ دشمن تجھے کبھی نقصان نہیں پہونچا سکے گا ——— مقدمہ میں تجھے کبھی نقصان نہیں ہوگا اور کامیابی ہوگی۔ اگر تجارت کرنا چاہتا ہے تو مشرق کی جانب سفر کر بہت فائدہ ہوگا۔ اگر شادی کی خواہش ہے تو جلدی نہ کر۔ ایک سال صبر کر، پھر تیری شادی کا انتظام خود بخود ہو جائے گا۔ اور تجھے نیک اور شریف بیوی ملے گی۔ تیرا کوئی دوست یا رشتہ دار اگر بیمار ہے تو جمعرات کو

شیرینی پر نیاز دلاکر بچوں کو تقسیم کردے صحت ہو جائے گی۔

چنبیلی

اے صاحب فال ابھی تیرے مقدر میں تین ماہ کی گردش ہے، صبر کر اور منگل کے دن غریبوں کو کھانا کھلا۔ بیمار کی جان کے لئے خطرہ نہیں مگر بیماری طول کھینچے گی اور صحت جلد نہ ہوگی اگر تو شادی کرنا چاہتا ہے تو جلدی نہ کر چند ماہ صبر کر اس کے بعد شادی کا انتظام ہوگا اور عورت غصہ وار ملے گی کسی شخص کے خلاف مقدمہ دائر کرنے میں عجلت نہ کر یہ زمانہ تیرے لئے ناقص ہے۔ مقدمہ کا فیصلہ خلاف ہوگا۔ اگر تجارت کرنا چاہتا ہے تو شمال مشرق کی جانب منگل کے دن سفر کر فائدہ ہوگا۔

نرگس

اے صاحبِ فال مبارک ہو۔ تیری گردش کے دن گئے اب کاروبار میں ترقی ہوگی، صحت اچھی رہے گی۔ آمدنی بڑھے گی اور تو خوشی کے کام میں روپیہ صرف کرے گا۔
مغرب کی سمت سفر بہتر ہے اور بدھ کے دن سامان تجارت لے کر جائے تو بہت فائدہ ہوگا تیرے روزگار کا انتظام غیب سے ہو جائے گا۔ اگر شادی کی خواہش ہے تو اس سال کامیابی ہوگی۔ بیوی شریف خاندان کی ہوگی۔ مگر

مزاج ذرا تیز ہوگا ۔ مقدمہ میں تجھ کو فتح ہوگی اور دشمن تجھے نقصان نہیں پہونچا سکے گا ۔ تجھے زراعت سے ہمیشہ فائدہ ہوگا اور تو بہت جلد زمین اور جائداد کا مالک ہوگا ، بدھ کے روز چڑیوں کو دانہ دے اور غریبوں کو کھانا کھلا ۔

نسترن

اے صاحب فال کوئی پوشیدہ دشمن تیرے کام میں رکاوٹ ڈال رہا ہے ۔ تو کوشش بہت کرتا ہے مگر کامیابی نہیں ہوتی اور کام بنتے بنتے بگڑ جاتا ہے ۔ اس کا دفعیہ یہ ہے کہ اتوار کو صبح نہانے کے بعد آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈال اور غریبوں کو کھانا کھلا ۔ تیری مشکلات حل ہو جائیں گی اور دشمن تیرے خلاف جو درپردہ کارروائی کرتا رہتا ہے وہ رد ہو جائے گی ۔ اگر تو شادی کا خواہشمند ہے تو ابھی دیر ہے ۔ شمال کی سمت تیرے لئے فائدہ مند ہے ابھی کسی کے خلاف مقدمہ دائر نہ کر حکام تیرے خلاف ہیں نقصان پہونچے گا ۔ جو چیزیں سیاہ رنگ کی ہوں ان کی تجارت تیرے لئے مفید ہے اگر تیرا کوئی دوست یا رشتہ دار بیمار ہے تو گیارہ دن ناقص ہیں ۔ خیرات کر اللہ تعالیٰ اُسے تندرست کر دے گا ۔

موتیا

اے صاحب فال تجھے بیماری اور دشمن کا وہم ہے نہ تجھے کوئی خاص بیماری ہے اور نہ کوئی تیرا دشمن تجھے نقصان پہونچانے کی کوشش

کر رہا ہے۔ سب کچھ تیری غلطیوں کا نتیجہ ہے۔ اپنا اخلاق درست کر لوگوں سے محبت کر۔ دل کو کینہ سے پاک کر لے پھر دیکھ لوگ تجھ سے کتنی محبت کرتے ہیں۔ اگر بردباری سے کام لے گا تو تیری اُمیدیں پوری ہوں گی اور بگڑے ہوئے کام بن جائیں گے۔

جہاں تو شادی کرنی چاہتا ہے وہاں کامیابی نہ ہوگی۔ اس جگہ شادی کا خیال ترک کر دے۔ تیری شادی آئندہ سال ہوگی۔ زراعت سے تجھے فائدہ نہیں ہو سکتا۔ زرد رنگ کی چیزیں فروخت کر نیسے فائدہ ہوگا۔ بیمار کے لئے چھ دن نحس ہیں۔ جمعہ کو نماز کے بعد غریبوں کو کھانا کھلا اور چیلوں کو گوشت دے تیری بلائیں دُور ہوں گی۔ تیرے لئے جنوب کا سفر فائدہ بخش ہے۔ جمعہ کے دن سفر کر۔

نیلوفر

نیکی کر اور بزرگوں کی دُعائیں لے تو خدا کو بھولتا جا رہا ہے اسی لئے تیری پریشانیاں بڑھ رہی ہیں۔ سنیچر کے دن غریبوں کو کھانا کھلا اور سیاہ رنگ کے کتوں کو روٹی دے۔ تیرے بگڑے ہوئے کام بن جائیں گے۔ ایک مہینہ تیرے کاروبار کے لئے ناقص ہے اس کے بعد فائدہ کے آثار ظاہر ہوں گے۔ اگر شادی کا ارادہ ہے تو ڈیڑھ سال صبر کر اس سے پہلے تیری شادی نہیں ہو سکتی۔ بیوی غریب گھرانے کی ہوگی۔ اگر تیرا کوئی دوست یا رشتہ دار بیمار ہے یا خود تیری صحت خراب ہے تو سنیچر کو چاول پر دہی ڈال کر سیاہ رنگ کے کتے کو کھلا اللہ تعالیٰ صحت دے گا۔ شمال مشرق کا سفر تیرے لئے مفید ہے۔ چھوٹی چھوٹی چیزوں کی تجارت سے فائدہ ہوگا۔

فالنامہ حروف تہجی

(۱۲)

جب کوئی مشکل پیش آئے تو اس نقشہ کے کسی حرف پر انگلی رکھے اور اس کے مطابق مقصد معلوم کرے۔

د	ج	ب	ا
ح	ز	و	ہ
ل	ک	ی	ط
ع	س	ن	م
ر	ق	ص	ف
خ	ث	ت	ش
غ	ظ	ض	ذ

ا :- جس کام کے لیئے دریافت کرتے ہو، اس میں جلد کامیابی ہو گی۔

ب :- اس کام کا انجام پذیر ہونا بہت مشکل ہے۔

ج :- مشکل حل ہو جائے گی مگر ابھی دیر ہے۔

د :- کام مرضی کے مطابق ہو جائے گا۔ مگر کسی کی امداد حاصل کرنا ضروری ہے۔

ہ :- جس کام میں کوشش کی جا رہی ہے۔ اس کے مخالف بہت ہیں۔ کامیابی مشکل ہے۔ اگر ہو گی تو دیر میں ہو گی۔

و :- یہ کام بہت تدبر اور کوشش سے ہو گا۔ غفلت سے نقصان کا اندیشہ ہے۔

ف :- جس خیال اور فکر میں پریشان ہو وہ کام آسان ہو گا۔

ح :- زیادہ پریشان نہ ہو گردش کے دن ختم ہونے والے ہیں۔ مقاصد میں کامیابی ہو گی۔

ط :- وقت اچھا آ گیا ہے کوئی شخص مدد کرے گا اور کام ہو جائے گا۔

ی :- شروع میں مشکلات حائل ہوں گی۔ لیکن آخر میں کام آسانی سے ہو جائے گا۔

ک :- امیدیں پوری ہوں گی۔ چند روز صبر کر۔

ل :- تمہیں اس وقت ایک راز دار دوست کی ضرورت ہے۔ اس کی امداد کے بلغیر کامیاب نہیں ہو سکتے۔

م :- خدا کی مدد شامل حال ہو گی اور کام بہت جلد ہو جائے گا۔

ن :- زمانہ موافق نہیں کام بگڑ جائے گا۔

س :- کام بہت مشکل ہے۔ اس کا خیال ترک کر دو۔

ع :- مشکلات سے پریشان نہ ہو۔ کام انجام پذیر ہونے والا ہے۔

ف :- کوشش کیئے جاؤ۔ کامیابی بہت مشکل سے ہوگی۔

ص :- ہمتِ مرداں مددِ خدا، تم ضرور کامیاب ہوگے۔

ق :- جس کام کا ارادہ رکھتے ہو اس کے نتائج پر اچھی طرح غور کرلو۔

ر :- اس خیال سے باز آؤ، نقصان ہوگا۔

ش :- کامیابی کی اُمید نہیں۔ ذلّت اور بدنامی کا اندیشہ ہے۔

ت :- کسی شخص کی مدد سے مشکل حل ہو جائے گی۔

ث :- جس کام کا ارادہ رکھتے ہو، اس میں کچھ خطرہ ہے۔ پریشانی ہوگی۔

خ :- کام آسانی سے ہو جائے گا۔ مایوس نہ ہوں۔

ذ :- تقدیر میں ابھی گردش ہے۔ کام کسی کی امداد کے بغیر انجام پذیر نہیں ہوسکتا۔

ض :- کام تمہاری نیّت کے مطابق انجام پائے گا۔

ظ :- بہت دشواریاں حائل ہوں گی۔ اگر ہمت ہے تو جدو جہد جاری رکھو ورنہ ارادہ ترک کردو۔

غ :- شروع میں مشکلات ضرور ہیں۔ مگر بعد میں راحت ملے گی۔

(۱۳) اُمید کب پوری ہوگی؟

اگر کوئی مشکل پیش آئے اور یہ معلوم کرنا ہو کہ مقصد کتنی مدّت کے بعد حاصل ہوگا۔ تو کسی جنتری میں دیکھ لے کہ آج کے دن کون سا نچھتر ہے اور اور سورج کس نچھتر میں ہے یہ بات ہر جنتری سے معلوم ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد سورج کے نچھتر سے دن کے نچھتر تک شمار کرے اور اپنے کام کے انجام پذیر ہونے کی مدت معلوم کرے۔

تفصیل حسب ذیل ہے

اگر	ایک	نچھتر	ہو	تو	کام	۲۷ یوم	میں	ہوگا۔
"	۲	"	"	"	"	۶ ماہ	"	"
"	۳	"	"	"	"	۲۰ یوم	"	"
"	۴	"	"	"	"	۴ ماہ	"	"
"	۵	"	"	"	"	ایک ماہ بارہ یوم		"
"	۶	"	"	"	"	۱۸ یوم	میں	ہوگا۔
"	۷	"	"	"	"	۳ ماہ	"	"
"	۸	"	"	"	"	۵ ماہ	"	"
"	۹	"	"	"	"	۶ ماہ	"	"
"	۱۰	"	"	"	"	۸ ماہ	"	"
"	۱۱	"	"	"	"	۲۶ یوم	"	"
"	۱۲	"	"	"	"	۷ ماہ	"	"

اگر ۱۳ نچھتر ہو تو کام چار ماہ میں ہوگا۔
″ ۱۴ ″ ″ ″ ″ ایک سال ″ ″
″ ۱۵ ″ ″ ″ ″ ۱۶ یوم ″ ″
″ ۱۶ ″ ″ ″ ″ ۲۱ یوم ″ ″
″ ۱۷ ″ ″ ″ ″ دو ماہ ۷ یوم ″
″ ۱۸ ″ ″ ″ ″ ۱۷ یوم میں ہوگا
″ ۱۹ ″ ″ ″ ″ ۱۱ یوم ″ ″
″ ۲۰ ″ ″ ″ ″ ۲ ماہ ″ ″
″ ۲۱ ″ ″ ″ ″ ۵ ماہ ″ ″
″ ۲۲ ″ ″ ″ ″ ۴ ماہ ″ ″
″ ۲۳ ″ ″ ″ ایک ماہ دو یوم میں ہوگا۔
″ ۲۴ ″ ″ ″ تین یوم میں ہوگا۔
″ ۲۵ ″ ″ ″ ″ ۱۴ یوم ″ ″
″ ۲۶ ″ ″ ″ ″ ۱۲ یوم ″ ″
″ ۲۷ ″ ″ ″ ″ ۲ یوم ″ ″
″ ۲۸ ″ ″ ″ ″ ۴ یوم ″ ″

چوری یا گمشدگی (۱۴)

اگر کوئی چیز گم ہو جائے یا چوری ہو جائے تو گمشدگی کے وقت کا نچھتر کسی جنتری میں دیکھ کر معلوم کر لیں اور پھر مندرجہ ذیل نقشہ میں اس کی صحیح حالت معلوم کر لیں۔

قسم نچھتر	نام نچھتر	مال یا چور کی سمت	ضروری کیفیت
کانے	سر گشرا۔ شبکھا ہست۔ انرادھا ست بکھا۔ اش۔ اترا کھا	جنوب	دس دن کے بعد مل جائے گا۔
سماکھے	پزکس۔ سواتی۔ سول۔ اترا بھادر پد کرتکا۔ پور با پھال گنی تیرون	شمال	تلاشی فضول ہے گمشدہ مال نہیں ملے گا۔
چندھی	آردر مگھا۔ چترا۔ جیشٹھا۔ یا بھادر پد	پچھم یا پورب کی طرف تلاش کرو	کوشش سے ایک ماہ کے اندر مل جائے گا۔
اندھی	اوہنی۔ پکھ۔ لباکھا۔ دھنشٹا۔ ایونی۔ پوریا کھاد۔ اترا پھاگنی	مشرق	تلاش کریں چیز ضرور مل جائے گی۔

چور شناخت کرنیکا طریقہ

دل میں چور کا خیال کر کے آنکھیں بند کریں اور اس نقشہ کے خانہ پر انگلی رکھیں اور ذیل کی عبارت میں ان حروف کے مطابق چور کے حالات معلوم کریں۔

د س	ط ن	ح ل
ی ع	م ج	ہ ز
ج م	ب ک	ا و

۱۔ (د س) چور سفید یا سیاہ رنگ کا مرد ہے۔ وہ تمہارا دشمن ہے یا دشمن کا ایجنٹ ہے۔ پستہ قد۔ لب باریک۔ اس کا مکان پورب کی طرف ہے چور واپس آئے گا اور تمہارا مال واپس مل جائے گا۔

۲۔ (ط ن) چور کا رنگ گندمی۔ داہنے پاؤں پر نشان۔ بیگانہ نہیں یگانہ ہے۔ چور کا پکڑا جانا اور مال کا ملنا مشکل ہے۔

۳۔ (ح ل) چور کا رنگ سیاہ۔ ماتھے پر نشان۔ اس کا گھر جنوب کی طرف ہے اور وہ جنوب کی طرف بھاگا ہے۔ خوب تلاش کر مل جائے گا۔

۴۔ (ی ع) چور کا رنگ زرد ہے۔ اور اس کے بائیں پاؤں اور دائیں بازو پر نشان ہے۔ وہ آپ کا عزیز یا دوست ہے۔

۵۔ (م ج) چور کا رنگ گندمی۔ داہنے پاؤں پر نشان تلاش کرو مل جائے گا

۶۔ (ہ ز) چور کا رنگ سفید ہے لیکن چہرہ سرخ ہے اس سے مال ملنا مشکل ہے۔

۷۔ (ج م ر) چور مرد ہے جس کا رنگ سفید یا سیاہ ہے وہ خود تمہارا دشمن ہے اور تمہارے دشمنوں کا دوست ہے۔ محلہ والوں اور قریبی عزیزوں سے مل کر کوشش کرو۔ چور تو مل جائے گا۔ مگر مال کا ملنا دشوار ہے۔

۸۔ (ب ک ہ) چور عورت ہے جس کا رنگ زرد، منہ چوڑا، قد بڑا، داہنے ہاتھ پر زخم ہے یا داغ کا نشان ہے۔ چور بیگانہ ہے بیگانہ نہیں وہ واپس آئے گا اور مال مل جائے گا۔ کوشش اور تلاش جاری رکھیو۔

۹۔ (ا و) چور کے بدن کا رنگ زرد، پستہ قد اور موٹا جسم ہے۔ اس کے بائیں پاؤں پر نشان ہے۔ کوشش کرو چوری کیا ہوا مال مل جائے گا

* * * * *

(۱۵) مقدمہ کی ہار جیت معلوم کرنیکا طریقہ

اگر مقدمہ میں ہار جیت معلوم کرنا ہو تو مدعی اور مدعا علیہ کے ناموں کے حروف کے اعداد ابجد کے حساب سے نکال کر انہیں الگ جمع کرلیں۔

اب ان میں سے ہر جمع کو نو ۹ پر تقسیم کردیں۔ اور دونوں کی جو باقیاں بچی ہیں ان کا مقابلہ کریں۔ پس کم باقی والا کامیاب رہے گا اور زیادہ باقی والا ناکام ہوگا۔ اس میں شرط یہ ہے کہ دونوں کی باقیاں طاق ہوں یا جفت ہوں۔ اگر ایک باقی طاق اور دوسرے کی جفت رہے تو بڑے عدد والا جیت جائے گا اور اگر دونوں کی باقی برابر رہیں تو ان میں سے جو کم ہے وہ جیت جائے گا۔